نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں صوبائی مینجمنٹ کمیٹی برائے چاول کے اجلاس کا انعقاد

فصلوں کے نقصانات کے ازالے کے لیے حکومت پنجاب خصوصی پیکج دے گی۔افتخار علی سہو

لاہور **17 ستمبر 2025**: سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو کی زیر صدارت صوبائی سطح کی مینجمنٹ کمیٹی برائے چاول کا اجلاس ایگریکلچر ہاؤس لاہور میں منعقد ہوا۔اجلاس میں پی سی پی اے، کراپ لائف، رائس ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن آف پاکستان کے نمائندگان، ترقی پسند کاشتکاران اور محکمہ زراعت کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں دھان کی فصل پر سیلاب کے اثرات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔

اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے کہا کہ باسمتی چاول پنجاب کی پہچان ہے۔دھان ملکی معیشت کے لیے اہم ہے اور اس کی ایکسپورٹ سے کثیر زرِمبادلہ حاصل ہوتا ہے۔انہوں نے بتایا کہ صوبہ پنجاب میں اس سال دھان کی فصل 60 لاکھ ایکڑ سے زائد رقبہ پر کاشت کی گئی ہے۔سیکرٹری زراعت پنجاب نے کہا کہ سیلاب کے نقصانات کے سروے اور تخمینے کے لیے کمیٹیاں تشکیل دے دی گئی ہیں۔انہوں نے مزید بتایا کہ ہائی ٹیک بینک فائنانسنگ پروگرام کا آغاز جلد کیا جا رہا ہے تاکہ کاشتکاروں کو سہولت فراہم کی جا سکے۔انہوں نے کہا کہ دھان پر زرعی زہروں کے محفوظ استعمال کو یقینی بنایا جا رہا ہے جبکہ برآمدی معیار کے چاول کی پیداوار کے لیے کاشتکاروں کی رہنمائی کا عمل بھی جاری ہے۔محکمہ زراعت برآمدی معیار کے چاول کے حصول کے لیے بھرپور مہم چلا رہا ہے۔اجلاس میں بتایا گیا کہ فصلوں کے نقصانات کے ازالے کے لیے حکومت پنجاب خصوصی پیکج دے گی۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب نے ہدایات دیتے ہوئے کہا کہ دھان کی فصل کی بہتر نگہداشت کے لیے باقاعدگی سے ایڈوائزری جاری کی جائے اور کاشتکاروں کی فنی رہنمائی کی جائے۔

☆☆☆☆